NOTIFICATION OF TESTING
Middle School Academic Screening and Growth Tests

عزیز والدین اور سرپرست:

ورجینیا لٹریسی ایکٹ (VLA) اور فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) معاونت کے متعدد درجوں کا نظام (MTSS) اسکولوں کو گریڈ 6-8 کے تمام طلباء کا مطالعہ اور ریاضی کے اسکریننگ ٹیسٹ لینے کا تقاضا کرتے ہیں ۔ یہ امتحانات ورجینیا اسیسمنٹ پروگرام (VAP) کے تحت مطالعہ اور ریاضی کی پیش رفت کے اسیسمنٹس کی ضرورت کو بھی پورا کرتے ہیں ۔ ٹیسٹ کے نتائج سے خاندانوں اور اساتذہ کو یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ ہر طالبعلم کے سیکھنے اور ترقی میں کس طرح مدد کی جائے ۔ *تعلیمی اسکریننگ ، گروتھ ، اور تشخیصی یا ڈائیگناسٹک ٹیسٹ* کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/academic-screening-growth-and-diagnostic-tests) ان ٹیسٹوں کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے ۔

- iReady Reading - تمام طلباء بہار کا مطالعہ یا ریڈنگ SOL دینے کیلئے شیڈول کیے گئے ہیں
- MAP Growth Math – تمام طلباء بہار کی ریاضی SOL دینے کیلئے شیڈول کیے گئے ہیں

مڈل اسکول کے اساتذہ خزاں میں گریڈ 6-8 کے تمام طالبعلموں کی iReady Reading اور MAP Growth Math میں اسیسمنٹ لیتے ہیں ۔ ٹیسٹ کلاس روم کے تدریسی بلاک کے اندر لیے جاتے ہیں ۔ اساتذہ ہر کلاس کیلئے ٹیسٹ کی مخصوص تاریخیں طے کرتے ہیں ۔ مطلوبہ اسکریننگ اور گروتھ کے لیے عمومی وقت *گریڈ لیول ٹیسٹ* کے ویب پیج
(https://www.fcps.edu/academics/student-tests-assessments/grade-level-tests) پر دستیاب ہے ۔

موسم بہار کے SOL 6-8 ریاضی اور مطالعہ کے امتحانات کے لیے شیڈول ہونیوالے طلباء کے لیے سرما اور بہار کے دوبارہ ٹیسٹ ضروری ہیں ۔ ری ٹیسٹ تدریس کی رہنمائی کے لیے ترقی کے اضافی اعداد و شمار فراہم کرتے ہیں ۔ SOL الجبرا 1 ، جیومیٹری ، یا الجبرا 2 ٹیسٹ کے لیے شیڈول طالبعلموں کو MAP Growth Math کے دوبارہ ٹیسٹ دینا ہوگا ، اگر وہ بینچ مارک سے کم اسکور کرتے ہیں یا اگر طالبعلم کے لیے ترقی کے اضافی اعداد و شمار کی ضرورت ہوتی ہے ۔

تعلیمی اسکریننگ کے نتائج کی بنیاد پر، کچھ طالبعلموں کو مطالعے کے منصوبے یا ریاضی کی بہتری کے منصوبے کی ضرورت پڑ سکتی ہے ۔ بعض طلباء کو اضافی تشخیصی یا ڈائیگناسٹک ٹیسٹ کی ضرورت پڑسکتی ہے تاکہ اساتذہ کو اعانت کیلئے مخصوص شعبوں کا تعین کرنے میں مدد مل سکے ۔ اگر آپ کو علمی اسکریننگ ، ترقی ، یا تشخیصی ٹیسٹوں کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں ، تو براہ مہربانی اپنے طالبعلم کے استاد یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کیجیئے ۔